3rd India-Costa Rica Foreign Office Consultations

September 17, 2021

بھارت- کوسٹا ریکا کے مابین دفتر خارجہ سے متعلق تیسری مشاورت

17 ستمبر، 2021

ہندوستان اور کوسٹا ریکا کے درمیان دفتر خارجہ سے متعلق مشاورت کا تیسرا دور 16 ستمبر 2021 کو سان جوس میں منعقد ہوا۔ بھارتی وزارت خارجہ نئی دہلی میں سیکرٹری (مشرق) محترمہ ریوا گنگولی داس نے بھارتی وفد کی قیادت کی، جبکہ کوسٹاریکا وفد کی قیادت بیرونی تعلقات اور عبادات کی وزارت میں دو طرفہ امور اور بین الاقوامی تعاون کے نائب وزیر محترمہ اڈریانا بولانوس ارگیٹا نے کی۔

2۔ دونوں فریقین نے دوطرفہ تعلقات کے سارے پہلوؤں کا جائزہ لیا، اور اب تک کی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے تجارت اور سرمایہ کاری، صحت اور فارما، سائنس اور ٹیکنالوجی اور ترقیاتی شراکت داری میں تعاون کو مضبوط بنانے پر اتفاق کیا۔ کوسٹا ریکا کے وفد نے ہندوستانی پیشہ ور افراد اور ان کے خاندان کے افراد بشمول شریک حیات اور انحصار کرنے والوں کے لیے ویزا کے عمل میں نرمی لانے کے حوالے سے غور کرنے پر اتفاق کیا۔

3۔ باہمی دلچسپی کے علاقائی اور بین الاقوامی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

4۔ ہندوستانی وفد نے کوسٹاریکا کے بیرونی تعلقات اور عبادت کے وزیر عالی جناب روڈولفو سولانو کوئیرس سے ملاقات کی، اور دوطرفہ، علاقائی اور کثیر الجہتی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے بارے میں خیالات کا تبادلہ کیا۔

5۔ مذاکرات دوستانہ اور خوشگوار ماحول میں ہوئے۔ دونوں فریقین نے مشاورت کا اگلا دور باہمی اعتبار سے متعینہ تاریخ پر منعقد کرنے پر اتفاق کیا۔

سان جوس

16 ستمبر، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.